**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 12.05.2025**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | باکسر محمد وسیم ولڈ چیمپئن بن گئے بلوچستان کا سرفخر سے بلند ہوگیا، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کی بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو پھر قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | پاکستان ہرسطح پراپنے دفاع کیلئے تیار ہے،۔سردار کھیتر ان | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، مینا مجید | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان کے باقی ماندہ 36 اضلاع میں سولرلائٹس منصوبہ مکمل کیاجائے، احسن اقبال | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | محکمہ صحت بلوچستان میں میں غیر حاضر عملے کیخلاف کارروائی کی ہدایت کردی گئی | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھنے کی سنگین غلطی کی، نوابزادہ زرین خان مگسی | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، سردارزادہ فیصل جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | پاکستان کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، کوہیاڈومکی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام اداروں کو ملکر کام کرنا ہوگا، ڈی سی سبی | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے، ڈی آئی جی مکران ڈویژن | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | SBK اور کنٹریکٹ پر تعینات اساتذہ میں تقررنامے تقسیم | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گوادر میں مسجد کے قریب گھر پر بم حملہ کیا گیا، شاہد رند | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان کے وسائل مال غنیمت سمجھ کر لوٹے جارہے ہیں، علماومشائخ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | قومی یکجہتی کے لیے ماحول سازگار بنایا جائے، ہدایت الرحمان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | ملک میں ترقی کے نام پر فارم 47 والوں کی لوٹ ماری جاری ہے، پشتونخومیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں ریلی | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پرن لیگ کوئٹہ کا یوم تشکر | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، بلوچستان متحدہ یوتھ موومنٹ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

گوادر پولیس کی فائرنگ دستی بم پھینکنے والا حملہ آور ہلاک اہلکار شہید چار زخمی، خضدار سورگز میں ایک اورنوجوان کا ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل، نصیرآباد پولیس فائرنگ کے تبادلے کے بعد مغوی ہندو تاجر ستیل داس کو بازیاب کرلیا

## مسائل:

نواں کلی مین روڈ پر تجاوزات کی بھرمار مکینوں کو آمدورفت میں دشواری،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 12.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان میں طبی سہولیات کا فقدان پایا جاتا ہے، یہاں کے اکثر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات فراہم نہیں کی جارہیں، ان ہسپتالوں میں کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان کے ہسپتال بھی شامل ہیں، حیرت کی بات یہ ہے کہ صوبے میں آنے والی ہر حکومت نے طبی سہولیات کی فراہمی کے وعدے اور دعوے کئے لیکن عملی طور پر کچھ نہیں ہوا، حالانکہ ہر بجٹ میں صحت کے شعبے کے فنڈز میں اضافہ بھی کیا جاتا رہا لیکن اس کے باوجود ہسپتالوں میں مریضوں کو علاج کروانے میں مشکلات درپیش رہے۔ اب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اقتدار میں آتے ہی صحت کے شعبے کو فعال کرنے کیلئے اقدامات کا آغاز کردیا ہے وہ اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو وقتاً فوقتاً شعبے کے بہتری کیلئے ہدایات دیتے رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بھی محکمے کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہتے ہیں کسی بھی ایمرجنسی کی حالت میں وہ خود ہسپتالوں کا دورہ کرکے ہدایات دیتے رہتے ہیں جو کہ قابل تعریف اقدام اور اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومت مکمل تعاون کریگی انہوں نے ہدایت دی کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے، حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق بیان صوبے کے عوام کو بہترین مفاد میں ہے، اس سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی اور عوام کو صحت کی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم ہوگی۔

**اداریے:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ " **پاکستان کی باقی صوبوں کو خیبر پختونخواسے سیکھنے کی ضرورت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Baochistan Rises in Thanksgiving for Pakistan's Unmatched Response" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق، باخبر کوئٹہ " **وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مستحسن اقدامات ایک جائزہ** " کے عنوان سے محمد سلیم رند کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ " **نصیر آباد ڈویژن ،بلوچستان کا دل** " کے عنوان سے نیک محمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ " **وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دور حکومت اور صوبے کے ترقیاتی پروجیکٹ** " کے عنوان سے اختر منگی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 12 MAY 2025

Page No. 1

# باکسر محمد وسیم ورلڈ چیمپئن بن گئے، بلوچستان کا سر فخر سے بلند ہو گیا، گورنر

## ورلڈ ٹائٹل نائٹ کے آخری مقابلے میں پاکستان کے مایہ ناز پروفیشنل باکسر محمد وسیم نے اپنے ورلڈ ٹائٹل کا دفاع کرتے ہوئے کیوبا کے باکسر کو ناک آؤٹ کر دیا

## ہمیں کوئٹہ میں انٹرنیشنل باکسرز کی میزبانی کرنے پر فخر ہے، بلوچستان کے لوگ اپنی مہمان نوازی اور امن سے محبت کیلئے مشہور ہیں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) فرسٹ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے سنسنی خیز مقابلے پولوگراؤنڈ کوئٹہ کینٹ میں جاری ہیں ان مقابلوں میں پاکستان سمیت 9 ممالک کے انٹرنیشنل باکسرز حصہ لے رہے ہیں ۔ کوئٹہ پولوگراؤنڈ میں فرسٹ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ہیں، علاوہ ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، کمانڈر 12 کور راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان میجر جنرل عابد مظہر، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، اور اعلیٰ سول وملٹری آفیسران سمیت خواتین کی ایک بڑی تعداد

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

عبدالوحید قلندرانی، حمید و شاہین ودیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور مودی سرکار نے ہمیشہ سے پاکستان کے خلاف پروپگنڈہ اور جھوٹے الزام عائد کرتے آئے ہیں لیکن اس بار افواج پاکستان نے بھارت کو ایسا جواب دیا ہے جو زندگی بھر یاد رکھے گا پاکستانی فوج، پاک فضائیہ نے ہندوستان میں داخل ہو کر انکے ائیربیس، فوجی تنصیبات تباہ کر دیئے اور انکے رافیل بھی زمین بوس کر دیئے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے ادارے دشمن کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں پوری قوم افواج پاکستان کے پشت پر کھڑی ہے مودی حکومت نے کس کو للکارا ہے انھوں نے کہا کہ بھارتی افواج کی جارحیت اور اشتعال انگیزیوں کا موثر جواب دے کر پاکستان نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے بلکہ دشمن کو اس کی زبان میں جواب دینا بھی جانتا ہے انھوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی اور اگر دشمن نے دوبارہ کسی قسم کی مہم جوئی کی کوشش کی تو اسے پہلے سے زیادہ شدید جواب دیا جائے گا۔ تربت' افواجِ پاکستان کی کامیابیوں پر جشنِ فتح ریلی، بھارت کے خلاف شدید احتجاج، تربت شہر میں بھارتی جارحیت کے خلاف افواجِ پاکستان کی شاندار کامیابیوں پر اتوار کے روز ایک پُرجوش جشنِ فتح کا ریلی نکالی گئی، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی، اس ریلی کی قیادت ضلع کونسل کیچ کے چیئرمین میر ہوتمان بلوچ اور مکران کے ممتاز سیاسی وسماجی رہنما میر یاسر بہرام رند نے کی، ریلی کا آغاز میر ہوتمان ہاؤس اور میر یاسر بہرام رند ہاؤس سے بیک وقت ہوا، جو ایئرپورٹ روڈ سے ہوتی ہوئی تعلیمی چوک، ڈی سی آفس، چاکر اعظم چوک اور ایس پی آفس کے سامنے سے گزرتی ہوئی اپنے اختتام کو پہنچی، ریلی کے مختلف مرحلوں میں مزید گاڑیاں اور شرکاء بھی شامل ہوتے گئے، جس سے اس کا منظر ایک بڑی عوامی طاقت کا عکاس بن گیا، اس موقع پر شرکاء نے ہاتھوں میں بھارت مخالف بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر بھارتی جارحیت کے خلاف نعرے درج تھے، ریلی کے اختتام پر بھارتی پرچم کو نذر آتش کیا تاکہ دشمن کو ایک واضح پیغام دیا جا سکے، ریلی کے دوران خطاب کرتے ہوئے میر ہوتمان بلوچ نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط اور محفوظ ہاتھوں میں ہے، افواج پاکستان خصوصاً آرمی چیف جنرل حافظ عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کے غرور کو خاک میں ملا دیا گیا ہے، سید عاصم منیر کی دانشمندانہ کمانڈ، مضبوط و مربوط جنگی حکمت عملی کی بدولت بھارت کو ایک ایسا سبق دیا گیا ہے جس سے نہ صرف وہ عالمی سطح پر شرمندہ ہوا ہے بلکہ اب وہ کسی بھی مہم جوئی سے پہلے کئی بار سوچے گا، انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص نے پوری امت مسلمہ کو ایک نئی روح، عزم اور ایمانی طاقت عطا کی ہے اور پاکستان نے اپنے اتحاد، قوت اور جرأت سے ایک بار پھر دنیا کو دکھا دیا ہے کہ وہ ایک زندہ قوم ہے، انہوں نے کہا کہ پوری قوم بلکہ عالم اسلام افواج پاکستان کو سلام اور خراج تحسین پیش کر رہی ہے، اس موقع پر میر یاسر بہرام رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ پاکستان صرف 24 کروڑ عوام کا ملک نہیں بلکہ یہ 24 کروڑ فوجیوں کی مانند افراد پر مشتمل ایک ناقابل تسخیر قوم ہے، جو وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہے، انہوں نے کہا کہ انڈیا نے جارحیت کرتے ہوئے پاکستان میں مساجد و مدارس پر حملے کئے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا مگر افواج پاکستان نے انڈیا کے اندر اپنے اہداف پر ایسے حملے کر دیئے کہ بھارت کے ہوش اڑ گئے، ریلی میں شریک شہریوں نے افواج پاکستان کے حق میں نعرے لگائے اور بھارت کے خلاف اپنا شدید احتجاج ریکارڈ کرایا، شرکاء نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی کے لیے وہ ہر قربانی دینے کو تیار ہیں اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پوری قوم متحد ہے، ریلی میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، جنہوں نے قومی اتحاد، یکجہتی اور افواج پاکستان کے ساتھ اپنی والہانہ وابستگی کا بھرپور اظہار کیا۔

DIRECTORATE GENERAL OF PUBL[IC] RELATIONS BALOCHS[TAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ] حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 پیر 14 ذیقعد 1446ھ 12 مئی 2025ء نمبر 130



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کو آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بھارت کے آسرے پر چڑھنے والوں کو اب سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں، دشمن کو اندازہ ہو گیا کہ وطن کیلئے پاکستانی قوم کس حد تک جا سکتی ہے

# وزیراعلیٰ کی بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو پھر قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت

انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا انعقاد بڑی کامیابی، بلوچستان کے لوگ کھیلوں سے محبت کرنے والے، خطاب، ماں محبت کی چھاؤں ہے، ایکس پیغام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر + خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں، آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا، اب اسے بخوبی اندازہ ہو گیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لئے ہر دم تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی، بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں، پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس ہے کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آغاز میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا آئیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار باشبہ کلیدی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کے دفاع اور سالمیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں، انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی۔ پاکستان کی افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کے دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے، ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف آف نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لئے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دیں گے کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی، انہوں نے ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کو اس ایونٹ کو بھرپور طور پر تعاون فراہم کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج آپ کی یہاں موجودگی اس امر کی دلیل ہے کہ پاکستان اور بلوچستان کے لوگ امن پسند ہیں اور ہمیشہ کھیل اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کے باکسنگ سٹار محمد وسیم نے گزشتہ روز کیریئر کی بہترین کارکردگی پیش کرتے ہوئے وینزویلا کے ارنسٹو ارینیو کو نویں راؤنڈ میں شکست دے کر ڈبلیو بی اے ورلڈ گولڈ پلاٹینم ویٹ ٹائٹل جیت لیا، اس کے علاوہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی خاتون باکسر فاطمہ ہزارہ اور پاکستانی باکسر ساحر اقبال نے بھی اپنا ٹائٹل جیتا۔ تقریب میں ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کے مشیر مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے باکسرز اور ان کے آفیشلز نے شرکت کی، اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور اعلیٰ سول و عسکری حکام سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ماؤں کے عالمی دن کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے نوٹ میں کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے، ماں کی دعا بناکسی کے قبول ہو جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، آج ان تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں، انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا۔

## وزیر اعلیٰ کی بلوچستان پریمیئر لیگ فٹبال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں شرکت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے بلوچستان پریمیئر لیگ فٹبال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ جہاں انہوں نے کوئٹہ ڈویژن اور مکران ڈویژن کے مابین کھیلے جانے والا فائنل میچ دیکھا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، صوبائی وزراء سردار کوہیار خان ڈومکی، سردار زادہ فیصل خان جمالی، صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید، پارلیمانی سیکرٹریز، ہادیہ نواز، عبید گورگیج، میر لیاقت لہڑی، زرک خان مندوخیل، رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور نارتھ میجر جنرل عابد مظہر، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری اور سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ نے ٹورنامنٹ کی فاتح اور رنر اپ ٹیموں کے کھلاڑیوں کو میڈل پہنائیں اور انہیں ٹرافیاں دی وزیر اعلیٰ نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر دونوں ٹیموں کو سراہا اور انہیں کھیل کے اس بہترین تسلسل کو جاری رکھنے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے ٹورنامنٹ کے عمدہ انعقاد پر آفیشلز کو بھی شیلڈز دیئے وزیر اعلیٰ سے فٹبال گراؤنڈ میں زیر ٹریننگ ننھے فٹبال کے کھلاڑیوں نے بھی ملاقات کی جہاں وزیر اعلیٰ نے انہیں کیش پرائز بھی دیا اور انکے کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ کو آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے شیلڈ بھی پیش کی۔ 6 مئی سے شروع ہونے والے فٹبال ٹورنامنٹ میں 8 ریجن کی ٹیموں نے شرکت کی فائنل میچ کوئٹہ ڈویژن اور مکران ڈویژن کے مابین کھیلا گیا جس میں کوئٹہ ڈویژن کی ٹیم کو فتح ملی۔



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے ہمراہ بلوچستان پریمیئر لیگ فٹبال ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کا گروپ



کوئٹہ، گورنر جعفر مندوخیل، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کے مشیر کا گروپ



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی باکسر فاطمہ ہزارہ کو کامیابی پر داد دے رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملبوس سید ممتاز احمد

جلد 53 | پیر 14 ذیقعد 1446ھ 12 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 314

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# پاکستان کے محافظوں نے دشمن کو سیز فائر پر مجبور کردیا، میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کریں اور مثبت سرگرمیاں نہ ہوں

## صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی، وزیر اعلیٰ کا تقریب سے خطاب

## بھارت کے آسرے پر بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو پھر سوچنا ہوگا وہ کہاں کھڑے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن، این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری،

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا ائیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سالمیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف اف نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہے جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی عالمی ٹائٹل جیتنے پر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے باکسر محمد وسیم کو کھڑے ہو کر داد دے رہے ہیں

# ماں محبت کی وہ چھاؤں، جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے، وزیراعلیٰ

## ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماؤں کے عالمی دن کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس سابقہ ٹویٹر پر اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو.........

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے آج اُن تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوسکتا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ ... حکومت ...

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 149 | پیر، 14 ذیقعد، 12 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرینگے، وزیر اعلیٰ

## انٹرنیشنل باکسنگ چمپیئن شپ کے بڑے ایونٹ کا بلوچستان میں منعقد ہونا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے، سرفراز بگٹی

## بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو اس کی بڑی نادانی تھی، باکسنگ ایونٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف اف نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لئے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ پاکستان کے باکسنگ سٹار محمد وسیم نے ہفتہ کے روز کیریئر کی بہترین کارکردگی پیش کرتے ہوئے وینزویلا کے ارنسٹو ارینیو کو نویں راؤنڈ میں شکست دے کر ڈبلیو بی اے ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیت لیا اس کے علاوہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی خاتون باکسر فاطمہ ہزارہ اور پاکستانی باکسر ساحر اقبال نے بھی اپنا ٹائٹل جیتا۔ تقریب میں ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کے مشیر مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے باکسرز اور ان کے آفیشلز نے شرکت کی اس موقع پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی اور اعلیٰ سول اور عسکری حکام سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کے اختتام پر شاندار آتش بازی کا مظاہرہ بھی کیا گیا۔

## ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماؤں کے عالمی دن کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس سابقہ ٹویٹر پر اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے آج ان تمام عظیم (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا۔



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن صدر کے مشیر کا پاکستان کا عالمی ٹائٹل جیتنے کے موقع پر ٹائٹل کے ہمراہ گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات

جلد نمبر 32 | بروز پیر 12 مئی 2025ء بمطابق 14 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 130

Bullet No. 1

Page No. 5

# بھارت کے آسرے پر بلوچستان میں جنگ مسلط کرنے والے سوچیں وہ کہاں کھڑے ہیں

میر سرفراز بگٹی

حملہ آوروں نے گوادر میں بلال مسجد کے قریب ایک گھر پردستی بم حملہ کیا حملے میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے تین افراد زخمی ہوئے، واقعہ کے بعد پولیس نے فوری ردعمل کا مظاہرہ کیا، وزیراعلیٰ، صحافیوں سے بات چیت

**جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی

بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

باکسنگ چیمپین شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہو گیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

# بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں کھلاڑیوں کو بھرپور سپورٹ کریں گے وزیراعلیٰ

صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی، اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں

**پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لیکر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا آئیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سالمیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف آف نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہے جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی۔

# ماں کی قربانی نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، وزیراعلیٰ

**ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے۔ جی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، آج اُن تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش

بقیہ نمبر 53 صفحہ 5 پر

کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل ای I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز اتوار 11 مئی 2025ء بمطابق 13 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 129

# پاکستان نے بھارت پر اپنی عسکری برتری ثابت کر دی

میر سرفراز بگٹی

**پاکستان نے بھارتی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیکر دشمن کو پسپائی اختیار کرنے پر مجبور کیا جو کہ قوم کے لئے قابل فخر اور باعث اطمینان ہے**

**پاک فوج نے نہ صرف دشمن کو حیرت زدہ کیا بلکہ اسے غیر ملکی قوتوں سے جنگ بندی کیلئے مداخلت کی اپیل کرنے پر مجبور کر دیا**

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارتی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دے کر نہ صرف اپنی عسکری برتری ثابت کی بلکہ دشمن کو پسپائی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اظہار خیال کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہماری مسلح افواج، بالخصوص پاک فضائیہ نے جس مہارت، دلیری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا وہ مکمل فخر اور قوم کے لیے باعث اطمینان ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بھارتی حدود کے اندر گہرائی میں کی گئی مؤثر اور درست کارروائی نے دشمن کو نہ صرف حیرت زدہ کیا بلکہ اسے غیر ملکی قوتوں سے جنگ

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

بندی کے لیے مداخلت کی اپیل پر مجبور کر دیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کا یہ مضبوط اور فوری ردعمل اس بات کا واضح پیغام ہے کہ ہماری قوم دشمن کی کسی بھی مہم جوئی کا فوری، بھرپور اور موثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ اس عظیم کامیابی پر سیاسی و عسکری قیادت، افواج پاکستان اور پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پوری قوم نے جس اتحاد و یکجہتی اور عزم کا مظاہرہ کیا وہ وطن سے گہری وابستگی کا ثبوت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ان سپاہیوں اور شہریوں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے مادر وطن کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ان کا کہنا تھا کہ شہداء کی یہ قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور انہی کی بدولت آج پاکستان ایک مضبوط اور خودمختار ملک کے طور پر ابھر رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 — پیر 12 مئی 2025ء بمطابق 14 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے — شمارہ 129


# بھارت کو اندازہ نہ تھا کہ پاکستانی قوم اپنے دفاع میں کس حد تک جاسکتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## پاکستان جنگ نہیں چاہتا مگر جب بھی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی تو دشمن کو بھرپور طریقے سے جواب دیا گیا

### یہ پیغام دشمن تک پہنچ چکا ہے کہ قوم مادر وطن کے دفاع کے لئے ہر وقت تیار ہے بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ اپنی فوج کا ساتھ دیا ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی+ ح ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کررکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہردم تیار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کررکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں

## ماں محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے، وزیراعلیٰ

### آج ان تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں، ایکس پر پیغام

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے۔ جی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں کی دعا بنا کہے قبول ہوجاتی ہے وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، آج ان تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوسکتا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں


کوئٹہ، گورنر، وزیراعلیٰ اور کور کمانڈر کا باکسنگ چیمپئن شپ میں ٹائٹل جیتنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | پیر 12 مئی 2025ء بمطابق 14 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-129


# بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں سوچنا ہوگا، سرفراز بگٹی

**کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے**

**پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں**

**دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے، صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 2 پر)

کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت ... حکومت ...

Bullet No. 1 ... Page No. 9

میزان

جلد 76 | پیر 12 مئی 2025ء، 14 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 247

چیف ایڈیٹر: برکت علی

# صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کریگی وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کریگی بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں، بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے

یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ بننے دے لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں میر سرفراز بگٹی کی پاکستان میں پہلی بار ... [illegible]

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا آئیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سالمیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف آف نیول سٹاف اور چیف آف ایئر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہے جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی انہوں نے ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کو اس ایونٹ کو بھرپور طور پر تعاون فراہم کرنے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج آپ کی یہاں موجودگی اس امر کی دلیل ہے کہ پاکستان اور بلوچستان کے لوگ امن پسند ہے اور ہمیشہ کھیل اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں واضح رہے کہ پاکستان کے باکسنگ سٹار محمد وسیم نے ہفتے کے روز کیریئر کی بہترین کارکردگی پیش کرتے ہوئے وینزویلا کے ارسنوار میو کو نویں راؤنڈ میں شکست دے کر ڈبلیو بی اے ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیت لیا اس کے علاوہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی خاتون باکسر فاطمہ ہزارہ اور پاکستانی باکسر ساحر اقبال نے بھی اپنا ٹائٹل جیتا تقریب میں ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کے مشیر مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے باکسرز اور ان کے آفیشلز نے شرکت کی اس موقع پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی اور اعلیٰ سول اور عسکری حکام سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کے اختتام پر شاندار آتش بازی کا مظاہرہ بھی کیا گیا۔

## ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا میر سرفراز بگٹی

ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے آج ان تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں، ویب سائٹ ایکس سابقہ ٹویٹر پر ٹویٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماؤں کے عالمی دن کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس سابقہ ٹویٹر پر اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے آج ان تمام عظیم ماؤں (بقیہ 35 صفحہ 7 پر) کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

روزنامہ میزان کوئٹہ

پیر 12 مئی 2025ء، 14 ذی القعد 1446ھ

# بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، بگٹی

## پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادرِ وطن کے دفاع کے لیے ہردم تیار ہیں، آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

### بھارت کے آسرے جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، صحافیوں سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے (بقیہ 4 صفحہ نمبر 2)

۔یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہو گیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں، ۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 12 MAY 2025

Page No. 11



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب
کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر لگائے گئے مختلف اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کے شیر دبا کسر زاور انیفلو کے ہمراہ فائٹنگ پوز۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی منعقدہ تقریب کے موقع پر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی فاطمہ ہزارہ کی فتح پر انہیں داد دے رہے ہیں۔

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

شمارہ 85 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 | Ph:2839851 | 1446ھ | 14 ذیقعد | پیر 12 مئی 2025ء | جلد 28


# بھارت کے آگرے پر بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو ایک بار پھر سوچنا پڑے گا، سرفراز بگٹی

ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا

پاکستان جنگ نہیں چاہتا جب جب مسلط کرنے کی کوشش کی دشمن کو بھرپور جواب ملا، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آگرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آگرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔




وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

# ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں، سرفراز بگٹی

ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے

کوئٹہ (رخ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماؤں کے عالمی دن کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس سابقہ ٹویٹر پر اپنے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے، وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے آج اُن تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوسکتا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر اور دیگر کا گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 13

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 21 | سوموار 12 مئی 2025ء 14 ذی القعد 1446ھ | شمارہ 33

# دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا اندازہ غلط لگایا تھا، سرفراز بگٹی

## ہم کتنی بڑی دفاعی طاقت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے کسی بھی حد تک جاسکتی ہے

## بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا، بقیہ 3 صفحہ 6 پر

لیکن اب اس کو بخوبی یہ اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی بڑی دفاعی طاقت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے کسی بھی حد تک جاسکتی ہے اور ہر وقت اپنے وطن کی حفاظت کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا، مگر جب بھی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، دشمن کو بھرپور جواب دیا گیا ہے۔ یہ پیغام دشمن تک پہنچ چکا ہے کہ پاکستانی قوم اپنی سرحدوں کی حفاظت کے لیے کسی بھی قیمت پر تیار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاک فوج کا ساتھ دیا ہے اوران کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ثابت کردیا ہے کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔

# دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا، سرفراز بگٹی

## اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کررکھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ بقیہ 27 صفحہ 6 پر

وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے۔

# ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے، وزیراعلیٰ

## ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے

## ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے سماجی رابطے کی سائٹ ا بقیہ 17 صفحہ 6 پر

ایکس پر پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، آج اُن تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوسکتا۔




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے




کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | پیر 12 مئی 2025ء 14 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 130

# بھارت کے آسرے پر بلوچستان میں جنگ مسلط کرنے والوں کو قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں: وزیراعلیٰ بگٹی

## دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کیلئے کس حد تک جاسکتی ہے

## بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی، خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کرر کھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں، کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے، عالمی باکسنگ چیمپین شپ کے انعقاد سے دنیا کو مثبت پیغام گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کی تقریب میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا اب اسے بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم کتنی استعداد رکھتے ہیں اور یہ قوم اپنے دفاع کے لئے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب جب جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، بلوچستان کے لوگوں کی جانب سے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں بھارت کے آسرے پر جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کرر کھی تھی انہیں ایک بار پھر سوچنا ہوگا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔ دریں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا ائیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سلیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہوکر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف اف نیول سٹاف اور چیف آف ائیر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہے جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی انہوں نے ورلڈ باکسنگ ایسوسیشن کو اس ایونٹ کو بھرپور طور پر تعاون فراہم کرنے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج آپ کی یہاں موجودگی اس امر کی دلیل ہے کہ پاکستان اور بلوچستان کے لوگ امن پسند ہے اور ہمیشہ کھیل اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں واضح رہے کہ پاکستان کے باکسنگ سٹار محمد وسیم نے ہفتہ کے روز کیریئر کی بہترین کارکردگی پیش کرتے ہوئے وینزویلا کے ارنسٹو ارینیو کو نویں راؤنڈ میں شکست دے کر ڈبلیو بی اے ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیت لیا اس کے علاوہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی خاتون باکسر فاطمہ ہزارہ اور پاکستانی باکسر ساحر اقبال نے بھی اپنا ٹائٹل جیتا تقریب میں ورلڈ باکسنگ ایسوسیشن کے صدر کے مشیر مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے باکسرز اور ان کے آفیشلو نے شرکت کی اس موقع پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، اسپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، رکن قومی اسمبلی



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر کا پاکستان کا عالمی ٹائٹل جیتنے کے موقع پر ٹائٹل کے ہمراہ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

12 MAY 2025

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

# CM announces support for sportsmen, awards Rs 100m to boxer Waseem

## Bugti pays tribute to mothers on international day

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, has announced a landmark initiative to support sportsmen and athletes across the province, emphasizing the government's commitment to reviving sports grounds and nurturing local talent.

Speaking at an event in Quetta marking the successful hosting of the Pakistan International Boxing Championship, CM Bugti declared a cash prize of Rs 100 million for Quetta-born boxer Muhammad Waseem, who recently won the WBA World Gold Bantamweight Title.

The event marked the first time an international boxing championship was held in Pakistan. CM Bugti praised the achievement and extended congratulations to the event organizers. "Bringing such a major global boxing event to Balochistan is no less than a dream come true," he said, recognizing the pivotal roles played by Lieutenant General Rahat Naseem Ahmad Khan, Commander Southern Command and world-renowned boxer Muhammad Waseem in making it possible. The Chief Minister reiterated that Balochistan is rich in untapped sports talent and assured that his administration will provide full support to athletes so they can shine on international platforms. He also acknowledged the historical neglect of sports in the region, attributing it to external forces aiming to discourage youth from engaging in positive activities. "The boxing event reflects that the people of Balochistan are peace-loving and passionate about sports," he added.

CM Bugti also paid tribute to the Pakistan Armed Forces for their role in ensuring peace and security, stating that the resilience and bravery of Pakistan's Army forced the enemy into a ceasefire. He especially thanked Chief of Army Staff (COAS) General Syed Asim Munir, the Chief of Naval Staff, and the Chief of the Air Staff for their commitment to securing a better and safer future for the youth.

In addition to Muhammad Waseem's victory over Venezuela's Ernesto Arinyo in the 9th round, two other Pakistani boxers also claimed titles namely female boxer Fatima Hazara from Quetta and Sahir Iqbal.

The closing ceremony of the event was attended by Governor of Balochistan Sheikh Jaffar Khan Mandokhail, Speaker of the Balochistan Assembly Abdul Khaliq Achakzai, MNA Nawabzada Jamal Khan Raisani, several provincial ministers, members of the assembly, senior civil and military officials, and a large number of spectators. The event concluded with a spectacular fireworks display.

Moreover, Balochistan Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, shared a heartfelt message on the occasion of International Mother's Day, paying tribute to the unconditional love and silent sacrifices of mothers.

In his message posted on social media platform X, the Chief Minister stated that a mother is not just a relationship, but a shade of love that brings comfort to life. "A mother's prayer is accepted without being spoken, and her nurturing shapes one's character," he said. Highlighting the quiet strength of motherhood, he added, "A mother's sacrifice is rarely expressed in words, yet it shapes the destiny of generations." He saluted all the great mothers who have made silent sacrifices for their families and communities. "There can be no substitute for a mother's affection and sacrifices," Bugti said, emphasizing the invaluable role mothers play in society.

CamScanner

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 16



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti addressing concluding ceremony of Pakistan International Boxing Championship on Sunday

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 2 MAY 2025

Page No. 17


## پاکستان ہر سطح پر اپنے دفاع کیلئے تیار ہے، سردار کھیتران

### آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی قوم کیلئے فخر کا مقام، عوام پاک فوج کیساتھ ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے بھارت کے خلاف پاک فوج کی شاندار عسکری کامیابی اور آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر افواج پاکستان خصوصاً چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی نہ صرف فوجی آپریشن کی جیت ہے بلکہ پاکستان کی تکنیکی، انٹیلی جنس اور اسٹریٹجک صلاحیتوں کا واضح ثبوت بھی ہے۔ سردار کھیتران نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے جس مہارت اور پیشہ ورانہ نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص میں جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا گیا، جس میں ہدف کے تعین، سائبر انٹیلی جنس، ریئل ٹائم سرویلنس اور الیکٹرانک وارفیئر کی مہارت شامل تھی۔ اس نے دشمن کے تمام خفیہ اور کھلے منصوبے ناکام بنا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی نے خطے میں طاقت کے توازن کو پاکستان کے حق میں مزید مستحکم کر دیا اور دنیا کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان ہر سطح پر اپنے دفاع کے لئے تیار اور مکمل طور پر اہل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فتح پوری قوم کے لئے فخر کا مقام ہے اور ہر پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ اپنی افواج پر اعتماد رکھے اور ان کی کامیابیوں کا جشن منائے۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہر مشکل وقت میں ملک کے دفاع کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔

## بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، مینا مجید

### صوبے میں کھیلوں کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، بیان، محمد وسیم کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، اور حکومت بلوچستان اس ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں کھیلوں کے شعبے کو فعال، باقاعدہ اور جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا تاکہ نوجوان مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب ہوں اور بلوچستان کا نام عالمی سطح پر روشن کریں۔ انہوں نے عالمی باکسنگ ٹائٹل جیتنے پر باکسر محمد وسیم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف کوئٹہ بلکہ پورے پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔ محترمہ مینا مجید نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ جیسے عالمی سطح کے ایونٹ کا کوئٹہ میں انعقاد ایک سنگ میل ہے اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند اور کھیل سے محبت رکھنے والے ہیں۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے اس موقع پر کہا کہ دشمن کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ بلوچستان میں مثبت سرگرمیوں کو پنپنے نہ دیا جائے، مگر آج کے ایونٹ نے ثابت کر دیا کہ بلوچستان کے نوجوان کسی سے کم نہیں اور ہر شعبے میں اپنا لوہا منوا سکتے ہیں۔ انہوں نے ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے اس عالمی ایونٹ کے لیے پاکستان، بالخصوص بلوچستان پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں کھیلوں کی ترقی کے لیے انفراسٹرکچر، کوچنگ، سہولیات اور مالی امداد کے تمام پہلوؤں پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان کے باقی ماندہ 36 اضلاع میں سولر لائٹس منصوبہ جلد مکمل کیا جائے، احسن اقبال

### سی پیک کے تحت جاری منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطح اجلاس، تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ مئی 2025 کے دوران تمام JWG اجلاس مکمل کریں

### دی گئی مشینری میں 40 ٹریکٹرز، 40 ملٹی پرپز ہارویسٹرز اور دیگر جدید آلات شامل ہیں، یہ ساز و سامان پاکستان کی زرعی صلاحیت اور تحقیق میں انقلابی بہتری لائے گا، پی اے آر سی

اسلام آباد (ان لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، پروفیسر احسن اقبال نے ہفتے کے روز چین-پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کے تحت جاری منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وزارت مواصلات، اقتصادی امور ڈویژن، بورڈ آف انویسٹمنٹ، نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی، نیشنل ہائی ویز اتھارٹی، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (QESCO)، پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل


بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر


گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سمیت تمام متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ صوبائی حکومتوں کے افسران نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف اہم امور پر گفتگو ہوئی جن میں زرعی ٹیکنالوجی ورکنگ گروپس کی تشکیل، پاکستان میں پانچویں JWG اجلاس کی میزبانی، آئندہ JCC اجلاس (جون 2025) کی تیاری، زرعی مشینری کی تقسیم، گوادر کے ڈیسالینیشن پلانٹ کی فعالیت، اور بلوچستان میں 15,000 گھروں میں شمسی توانائی کے یونٹس کی تنصیب شامل تھی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ مئی 2025 کے دوران تمام JWG اجلاس مکمل کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ چین کی جانب سے دی گئی 12 ارب روپے مالیت کی زرعی مشینری کو 10 دن کے اندر نچلی سطح تک منتقل کیا جائے تاکہ کسان برادری فوری طور پر اس سے مستفید ہو سکے۔ پی اے آر سی کے مطابق، دی گئی مشینری میں 40 ٹریکٹرز، 40 ملٹی پرپز ہارویسٹرز اور دیگر جدید آلات شامل ہیں۔ یہ ساز و سامان پاکستان کی زرعی صلاحیت اور تحقیق میں انقلابی بہتری لائے گا۔ بلوچستان میں چینی تعاون سے جاری سولر لائٹس منصوبے پر بھی غور کیا گیا۔ وفاقی وزیر کو بتایا گیا کہ 7 اضلاع میں تنصیب مکمل ہو چکی ہے جبکہ باقی 29 اضلاع میں کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ تمام 36 اضلاع میں یہ عمل جلد مکمل کیا جائے۔ مزید برآں، وزیر نے QESCO، پاور ڈویژن اور وزارت بحری امور کو ہدایت دی کہ گوادر ساؤتھ فری زون تک ٹرانسمیشن لائن کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے تاکہ 1.2 ملین گیلن یومیہ کا ڈیسالینیشن پلانٹ فوری طور پر فعال ہو سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 18


# محکمہ صحت بلوچستان میں غیر حاضر عملے کیخلاف کارروائی کی ہدایت کردی گئی

تمام ڈی ایچ اوز اور ایم ایس اضلاع اور ہسپتالوں میں تعینات ڈاکٹرز و عملے کی فہرستیں محکمہ صحت کے حکام کو ارسال کریں

محکمہ صحت میں بھرتیوں کا عمل میرٹ پر ہوگا، افرادی قوت کا جائزہ لے کر اصلاحاتی اقدامات کرینگے، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت قلعہ سیف اللہ میں محکمہ صحت کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا مسلم باغ ہسپتال پر اظہار ناراضگی، غیر حاضر عملے کے خلاف کارروائی، خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے اشتہارات جاری کرنے اور ڈریس کوڈ کی پابندی کی ہدایات کی اجلاس میں اسپیشل سیکریٹری صحت شئے حق بلوچ، صوبائی کوآرڈینیٹر بلوچستان ہیلتھ انفارمیشن سسٹم ڈاکٹر ابابکر بلوچ، ڈی ایچ او قلعہ سیف اللہ ڈاکٹر تاج محمد، اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال قلعہ سیف اللہ ڈاکٹر منظور نے شرکت کی۔ اجلاس .......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کے دوران وزیر صحت نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مسلم باغ کی ناقص کارکردگی پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہسپتال میں بنیادی سہولیات کی کمی اور عملے کی غفلت کسی طور قابل قبول نہیں۔ انہوں نے غیر حاضر اسٹاف کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی ہدایات جاری کیں وزیر صحت نے تمام ڈی ایچ اوز اور ایم ایس کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اضلاع اور ہسپتالوں میں تعینات تمام ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی فہرستیں محکمہ صحت و ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان کے دفتر کو ارسال کریں، تاکہ دستیاب افرادی قوت کا درست جائزہ لے کر اصلاحاتی اقدامات کیے جاسکیں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ضلع بھر میں تمام خالی آسامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر ڈویژنل ڈائریکٹر کے ذریعے پر کیا جائے، اور جہاں تقرری ممکن نہ ہو، وہاں خالی اسامیوں کو اخبار میں باقاعدہ اشتہارات کے ذریعے مشتہر کر کے بھرتی کا عمل شروع کیا جائے۔ انہوں نے محکمہ صحت کے تمام ملازمین کو پابند کیا کہ وہ حکومتی قانون کے مطابق ہفتے میں چھ دن مکمل ڈیوٹی انجام دیں، اور ایمرجنسی ڈیوٹی والے دن بھی مکمل حاضری کو یقینی بنایا جائے

# دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھنے کی سنگین غلطی کی' نوابزادہ زرین خان مگسی

پاکستان پرامن جو اپنی خودمختاری و سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا' پارلیمانی سیکرٹری ثقافت

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے ثقافت، سیاحت اور غیر پارلیمانی امور نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے بھارت کے حالیہ بزدلانہ حملوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن نے پاکستان کو کمزور سمجھنے کی سنگین غلطی کی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے فوری اور بھرپور جوابی کارروائی کر کے یہ واضح کردیا ہے کہ .......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ہر قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک لیکن اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا انہوں نے قوم کو یقین دلایا کہ پاکستان کی افواج ہر محاذ پر دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں اور پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ چٹان کی مانند کھڑی ہے نوابزادہ زرین خان نے آخر میں کہا، "نصر من اللہ و فتح قریب"۔

# ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے' سردارزادہ فیصل جمالی

ملکی سلامتی کیلئے بلوچستان کے فرزند پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں' صوبائی وزیر لائیو سٹاک

پاک فوج کے نوجوانوں نے قوم کا سر فخر سے بلند جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں' مشرق سے بات چیت

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان کی شرافت کو کمزوری سمجھا آئندہ بھارت اشتعال انگیزی اور بچگانہ حرکتوں سے باز آئے پاک فوج نے بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ان خیالات کا اظہار سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے ملکی سلامتی کیلئے بلوچستان کے فرزند پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے ان کا کہنا تھا کہ بھارت کی مسلسل اشتعال انگیزی کو پاکستان نے صبر و تحمل سے برداشت کیا لیکن مودی نے پاکستان کی شرافت کو کمزوری سمجھا لیکن پاکستان کے شاہینوں نے بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ پاک فوج نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا جس کیلئے وہ خراج تحسین اور مبارکباد کے مستحق ہیں سردار زادہ فیصل خان جمالی نے قبائلی عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب و مظلوم عوام کی حقیقی سیاسی جماعت ہے عوامی مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں گے عوام کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا خوشحال کسان کے لئے نہری نظام کو بہتر کیا جا رہا ہے تاکہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں حائل رکاوٹوں کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیں گے انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد و تحصیل گنداخہ میں کروڑوں روپے کے فنڈز جاری کر کے ترقیاتی عمل شروع کر دیا گیا ہے عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے۔


AZADI QUETTA


# پاکستان کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے' کوہیار ڈوکی

اللہ کی نصرت اور قوت ایمانی ہماری مسلح افواج کا حقیقی اثاثہ ہیں، جو ہر محاذ پر انہیں کامیابیاں عطا کرتی ہیں

بھارت کو سبق سیکھ لینا چاہیے اور اب مودی سرکار دوبارہ پاکستان کے خلاف کسی مہم جوئی کی جرأت نہیں کرے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت بلوچستان سردار کوہیار خان ڈوکی نے پاک بھارت سیز فائر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاک افواج کی جرات مندانہ کارروائیوں پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک بار پھر دنیا پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے سردار کوہیار خان ڈوکی نے سید عاصم منیر، دیگر عسکری سربراہان اور ہر جوان شاباش کے مستحق ہیں، جنہوں نے جرات، حکمت اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے سردار کوہیار خان ڈوکی نے مزید کہا کہ بھارت کو اب سبق سیکھ لینا چاہیے اور امید ہے کہ مودی سرکار دوبارہ پاکستان کے خلاف کسی مہم جوئی کی جرأت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ دشمن مخالف جنگ میں جس قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا، وہ واقعی قابل دید اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے نہ صرف دشمن پر بلکہ پوری دنیا پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا لیا ہے۔ رافیل جیسے جدید اور مہنگے طیارے کو مار گرانا ایک تاریخی کارنامہ ہے، جس (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 5 پر)

نے نہ صرف دشمن کے غرور کو خاک میں ملایا بلکہ دنیا کو بھی حیران کر دیا انہوں نے کہا کہ اللہ کی نصرت اور قوت ایمانی ہماری مسلح افواج کا حقیقی اثاثہ ہیں، جو ہر محاذ پر انہیں کامیابیاں عطا کرتی ہیں۔ سردار کوہیار کا کہنا تھا کہ شہادت ایک مومن کے لیے اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ افضل ترین انعام ہے، اور یہی سوچ ہماری افواج کے عزم و ہمت کا سرچشمہ ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ اس حالیہ جنگی محاذ پر کامیابی قوم کے لیے باعث فخر ہے، اور اس موقع پر آرمی چیف جنرل


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 19

## شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرینگے، ڈی آئی جی مکران ڈویژن

### محمد خماری نے دہشت گرد کو جہنم واصل کرکے شہادت حاصل کی، پرویز عمرانی، شہید اہلکار کو خراج عقیدت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی مکران ڈویژن نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایسی بہادری کی مثال نہیں ملتی کہ موقع پر دہشت گرد کو جہنم واصل کر کے شہادت حاصل کی ہو گوادر سٹی پولیس پوسٹ کو ہم اپنے شہید محمد خماری کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈی آئی جی مکران پرویز عمرانی نے ایس ایس پی گوادر ضیا مندوخیل کے ہمراہ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈی آئی جی نے کہا کہ ل مسجد کے قریب کوارٹر پر ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب موٹر سائیکل سوار دو دہشت گردوں نے دستی بم حملہ کیا جس کے نتیجے میں کوارٹر میں رہائش پذیر مظفر گڑھ سے تعلق رکھنے والے تین مزدور زخمی ہوئے اس واقعہ کی وقت پولیس کے جوان جو معمول کی گشت پر تھے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچے اور دہشت گردوں سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ہمارا جوان محمد خماری شہید ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں ایسی بہادری کی مثال نہیں ملتی کہ موقع پر دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے شہادت حاصل کی ہو گوادر کے عوام کو فخر ہونا چاہیے کہ گوادر کا بیٹا اپنے شہر کے امن کی خاطر قربان ہو گیا۔ شہید محمد خماری نے پولیس کا نام اور مورال بلند کر دیا ہے پولیس فورس شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہید کی فیملی کے ایک فرد کو محکمہ پولیس میں ملازمت بھی دی جائے گی اور گوادر سٹی پولیس پوسٹ کو ہم اپنے شہید محمد خماری کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کرتے ہیں۔

## پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام اداروں کو ملکر کام کرنا ہوگا، ڈی سی سبی

### والدین اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے [illegible] نے کیلئے پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، جہانزیب شیخ

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ صدارت پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس ہوا، جس میں پولیو پروگرام کے اعلیٰ افسران، محکمہ صحت کے نمائندوں اور متعلقہ اداروں کے ذمہ داروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر سبی کو انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور مستقبل کی حکمتِ عملی بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پولیو مہم 26 مئی سے یکم جون تک جاری رہے گی اس مہم کے دوران سبی میں 38773 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جسمیں موبائل ٹیمیں 205، اسپیشل موبائل ٹیم 15، فکس سائٹس 46، ٹرانزٹ ٹیم 22 ہوں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہانزیب شیخ نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچایا جا سکے انہوں نے کہا کہ علما بھی اپنے خطبات میں پولیو کے قطروں کی اہمیت کے بارے میں شعور و آگاہی فراہم کریں تاکہ ہر بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پی کر اس موذی مرض سے چھٹکارہ حاصل کر سکے۔

INTEKHAB QUETTA

MASHRIQ QUETTA

## گوادر میں مسجد کے قریب گھر پر بم حملہ کیا گیا، شاہد رند

### پولیس اہلکار محمد خماری نے فرض کی ادائیگی کیلئے جام شہادت نوش کیا

### پولیس مقابلے میں ایک حملہ آور ہلاک، دوسرا زخمی ہوا، ترجمان حکومت

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے گوادر میں بلال مسجد کے قریب ایک گھر پر دستی بم حملہ کیا حملے میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے تین افراد زخمی ہوئے، واقعہ کے بعد پولیس نے فوری رد عمل کا مظاہرہ کیا۔.........

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایک بیان میں ترجمان ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا کہ فرار ہونے کی کوشش کے دوران حملہ آوروں اور پولیس کا مقابلہ ہوا

## SBK اور کنٹریکٹ پر تعینات اساتذہ میں تقرر نامے تقسیم

### لیڈا میں پروقار تقریب کا انعقاد، ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین جاوید جمالی اور میئر بابو فیض محمد شیخ کی بھی شرکت، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے تقرر نامے تقسیم کئے

### ضلع حب کیلئے کیڈٹ کالج اور دانش اسکول کا قیام ہمارا مشترکہ منصوبہ ہے، ثمینہ ممتاز زہری، کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتی بڑی کامیابی ہے، ڈی سی حب

حب (نمائندہ انتخاب) SBK کے کامیاب 100 مرد و خواتین اساتذہ اور 55 کنٹریکٹ پر تعینات اساتذہ میں تقرر نامے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور ڈپٹی کمشنر حب ثنار لانگو نے لیڈا میں منعقدہ تقریب کے دوران ے تقسیم کیے پر اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین جاوید جمالی میئر میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر محمد رحیم بلیدی کونسلر عثمان کوہ بلوچ شریف پالاری چیئرمین میونسپل کیٹی جانشیر حمید ودیگر موجود تھے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع حب کیلئے کیڈٹ کالج اور دانش اسکول قیام ہمارا مشترکہ پراجیکٹ ہے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

پی ایس ڈی پی میں ضلع حب کیلئے دو ڈیجیٹل لائبریری کے منصوبے شامل کئے گئے ہیں بلوچستان کے حوالے سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا وژن ہے کہ بلوچستان ترقی کرے بلوچستان کے ایشوز کے حوالے سے جب بھی ہم نے بلاول بھٹو زرداری سے بات کی ہمیں ہمیشہ مثبت رسپانس ملا ہے انہوں نے کہا کہ بحیثیت سینیٹر ہماری ذمہ داری ہے کہ پورے ملک خاص طور سے بلوچستان کے عوام کیلئے کچھ کریں تقریب سے ڈپٹی کمشنر حب ثنار لانگو نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کمیشن امتحانات کے بغیر sbk اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتیاں بہت بڑی کامیابی ہے اساتذہ کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع حب کے 58 سکولز نان فنکشنل تھے ان اساتذہ کی تعیناتیوں کے بعد اسکول فنکشنل اور سائنسی لیب قائم ہونگے تقریب سے چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل شروع کر دی ہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر رحیم بلیدی نے کامیاب اساتذہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات پر ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ پالیسی پر کامیابی سے عملدرآمد روشن مستقبل کی نوید ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے دانش اسکول کا قیام ضلع حب کیلئے منظوری ہوئے ہے ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین جاوید جمالی میئر میونسپل کارپوریشن وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر محمد رحیم بلیدی چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی جانشیر حمید و چیئرمین بلوچستان فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی بلوچستان حاجی میر علی اکبر زہری و دیگر شریک ہوئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 20


## بلوچستان کے وسائل مال غنیمت سمجھ کر لوٹے جا رہے ہیں، علما و مشائخ

### جائز آئینی معاشی حقوق کے حصول کیلئے سب کو ملکر اخلاص کیساتھ عملی جدوجہد کرنا ہوگی، مولانا ہدایت الرحمن

### بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام پر دیانتداری سے خرچ اور مثبت اقدامات اٹھانا ہونگے، علامہ مقصود ڈومکی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ایوانوں ،چوکوں چوراہوں کیساتھ منبر ومحراب کے ذریعے بھی ظالموں لٹیروں جابروں کے خلاف آواز بلند ہونا چاہیے علماء ومشائخ کا عوام سے براہ راست رابطہ ہے جماعت اسلامی ہر ظلم جبر کے خلاف حقوق کے حصول، وسائل کی حفاظت اور حقیقی عوامی نمائندوں کو اختیارات دینے ،لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے علماء، حقیقی قبائلی سیاسی عمائدین نوجوانوں سمیت دیگر طبقات کو متحد ومنظم کررہی ہے 25 مئی کو نوجوانوں کو جرگہ طلب کیا ہے، حکمران ہمیں شہری بھی نہیں ........

بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

مانتے بلوچستان کو صوبہ نہیں ،کالونی سمجھتے ہیں بلوچستان کے وسائل سونا چاندی معدنیات کو مال غنیمت سمجھ کر لوٹ رہے ہیں سی پیک کے ثمرات ،اورنج ٹرین، موٹروے دیتے وقت اسلام آباد کے حکمران بلوچستان کو پاکستان کا حصہ تصور نہیں کرتے لیکن جب معدنیات ،سیندک ،ریکوڈک کی باری آجاتی ہے تو کہتے ہیں بلوچستان پاکستان کا حصہ ہے۔ بلوچستان کے بارڈرز بند کرکے کہتے ہیں 25 ارب کا نقصان ہوا جبکہ پی آئی اے اسٹیل مل دیگر 23 قومی اداروں نے 55 کھرب کا نقصان کیا کسی ادارے کو بند نہیں کیا گیا آئین میں بلوچستان صوبہ لیکن اسلام آباد کے حکمران بلوچستان کو غلام سمجھ رہے ہیں ہم پاکستان کے باعزت شہری ہیں ہمیں عزت تحفظ احترام اور حقوق دیے جائیں علمائے کرام وآئمہ کرام اور مشائخ عظام سمیت پوری قوم کے ہمراہ عزت وغیرت اور حقوق کی جنگ جیتنے کیلئے پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے

## ملک میں ترقی کے نام پر فارم 47 والوں کی لوٹ مار جاری ہے، پشتونخوا میپ

### 12 مئی 2007 کا خونریز واقعہ حکومت وسیاسی پارٹیوں نے بھلا دیا، شہداء کے خون کیساتھ انصاف نہ ہی ملزمان گرفتار ہوئے

### ملک میں عوام کے وسائل پر قبضہ گیری آج بھی جاری جو ملکی آئین وصوبائی خودمختاری کی پامالی کے سوا کچھ نہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں سانحہ 12 مئی 2007ء کے شہداء کی 18 ویں برسی کے موقع پر شہداء کراچی سمیت ملک میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی اور قوموں کی برابری کے حقیقی فیڈریشن کی جدوجہد کی راہ میں تمام معلوم ونامعلوم شہداء کو اُن کی لازوال قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ جنرل پرویز مشرف کی فوجی آمریت کے خاتمے اور ملک میں جمہوریت اور آزاد عدلیہ کی بحالی کیلئے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور دیگر سیاسی جمہوری پارٹیوں کی جاری جدوجہد کے دوران 12 مئی 2007 کو اُس وقت کے معذول چیف جسٹس آف پاکستان کی کراچی آمد کے موقع پر استقبالیہ........

بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

جلوس کے ہزاروں شرکاء پر ایک فاشسٹ اور دہشتگرد تنظیم نے حملہ کرکے مختلف سیاسی پارٹیوں کے 50 سے زائد سیاسی کارکنوں کو شہید وزخمی کیا جس میں پشتونخوامیپ کے نوجوان کارکن مہتاب خان آفریدی بھی شہید ودیگر زخمی ہوئے جبکہ کراچی شہر میں آباد لاکھوں پشتونوں کی جائیدادوں، املاک، ٹرانسپورٹ کو نذر آتش اور انہیں لاکھوں کروڑوں کا نقصان پہنچایا گیا بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ اس المناک سانحہ کو آج 18 سال پورے ہوچکے آج تک ان شہداء کے قاتلوں کو کیفر کردار تک نہیں پہنچایا گیا اور حکومت ،سیاسی پارٹیوں خون ریز واقعہ بھلا کر شہداء کے خون سے اب تک انصاف نہیں کیا گیا بیان میں کہا گیا ہے کہ فوجی آمر جنرل مشرف کی آمرانہ پالیسیوں کے تباہ کن اثرات سے آج بھی ملک دوچار ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی ہوں، قوموں کی برابری کے حقیقی فیڈریشن کا قیام اور ملک کے تمام ادارے اپنے آئینی اداراتی اختیارات کے پابند بنائے جائیں۔

امن وامان | عوامی مسائل | اداریے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 21

## بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں ریلی

**پاک فوج نے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا، پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر، سردار جبار خلجی، حاجی شاہ محمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے زیراہتمام پاک فوج کے حق اور بھارتی جارحیت کے خلاف اتوار کو آرچر روڈ سے چیئرمین سردار عبدالجبار خلجی کی قیادت میں ریلی نکالی گئی جو آرچر روڈ، عبدالستار روڈ، لیاقت بازار سے ہوتی واپس آرچر روڈ چوک پر پہنچ کر مظاہرے کی شکل اختیار کرگئی جہاں ریلی کے شرکاء سے بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی، حاجی شاہ محمد، حاجی علی احمد صراف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ریلی کا مقصد دشمن کو یہ پیغام دینا ہے کہ پوری قوم متحد اور خون کے آخری قطرے تک ملک کا دفاع کرے گی، پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، پاکستان نے اپنی دفاعی برتری ثابت کردی ہے اب بھارت کبھی جارحیت کی جرات نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کو بتادیا کہ ہم ہرگز جنگ نہیں چاہتے لیکن اگر پاکستان پر کسی نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اس کو ایسا جواب دیا جائے گا کہ دشمن ہمیشہ یاد رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا نے دیکھ لیا کہ ہماری فوج نے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا۔ افواج پاکستان نے بے مثال دلیری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ اور بھارت کو بھرپور جواب دیکر قوم کا سر فخر سے بلند کردیا دشمن کی ہر چال اور ملک کے خلاف سازش کو ناکام بنانے پر جنرل عاصم منیر اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

## آپریشن بنیان المرصوص کی کامیا...

**افواج پاکستان نے دشمن کو بھرپور جواب دیا، برنا پاک...**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام وزیراعظم میاں شہباز شریف کی ہدایت پر پاک افواج کی بھارت کے خلاف شاندار کامیابی اور دشمن کو منہ توڑ جواب دینے پر یوم تشکر منایا گیا، اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلع کوئٹہ کے صدر سردار سحر گل خلجی اور جنرل سیکرٹری جاوید اقبال اعوان نے کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب بھی پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی دشمن کو بھرپور جواب ملا، پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پاک فوج کے جوانوں نے ثابت کیا کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔ بھارت نے پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری سمجھا جو اس کی بھول تھی۔ پاک فوج اور ...

## پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، بلوچستان متحدہ یوتھ موومنٹ

**بلوچستان متحدہ یوتھ موومنٹ کے زیراہتمام یوم تشکر کے موقع پر ریلی، پاک فوج کے حق میں نعرے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان متحدہ یوتھ موومنٹ کے زیراہتمام اتوار کو یوم تشکر ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی کوئٹہ پریس کلب ... انداز میں جواب دیا اس کی مثال دنیا کی عسکری تاریخ میں نہیں ملتی، افواج پاکستان نے ملک کی فضائی حدود کی خلاف ورزی پر جس پیشہ ورانہ ...

## آپریشن بنیان المرصوص نے دشمن کی نیندیں اڑادیں، سردار رند

**بھارت کو منہ توڑ جواب تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا، سربراہ رند قبائل**

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند نے افواج پاکستان کو بھارت کی اشتعال انگیزی کا منہ توڑ اور موثر جواب دینے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ... آپریشن بنیان المرصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوا جس نے دشمن کی نیندیں اڑادی ہیں انہوں نے کہا کہ قوم کو اپنے ان بہادر ...

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 22


# گوادر پولیس کی فائرنگ دستی بم پھینکنے والا حملہ آور ہلاک، اہلکار شہید 4 زخمی

مسلح افراد غیر مقامی لوگوں کے رہائشی کوارٹر پر دستی بم پھینک کر فرار ہو رہے تھے پولیس کیساتھ فائرنگ تبادلہ ہوا

ہلاک حملہ آور کی شناخت گوادر کے رہائشی شاہجہان اور زخمی حملہ آور کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوگئی، پولیس

گولی لگنے سے اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگیا، کوارٹر پر حملے کے تین زخمی ہسپتال منتقل کر دیئے گئے

گوادر (آن لائن) گوادر میں غیر مقامی افراد کے رہائشی کوارٹر پر دستی بم سے حملہ کرنے والے مسلح افراد پر پولیس کی فائرنگ ایک حملہ آور جان بحق ایک زخمی ہوگیا۔......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حملہ آوروں کی جوابی فائرنگ سے زخمی ہونے والا پولیس اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوگیا، تین افراد زخمی تفصیلات کے مطابق گوادر شی کے علاقے بلال مسجد کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے غیر مقامیوں کی رہائش گاہ پر دستی بم سے حملہ کر دیا حملے میں چار افراد زخمی ہوگئے، بم کی آواز سن کر روڈ کی دوسری جانب کھڑے پولیس اہلکار فوری طور پر جاءِ وقوع پر پہنچ گئے اور مسلح افراد پر فائرنگ کردی جس سے ایک حملہ آور موقع پر جان بحق ہوگیا ایک زخمی ہوگیا حملہ آور کے دوسرے زخمی ساتھی کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا جو بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوگیا۔ جس ایک گھر پر دستی بم حملہ کیا گیا

## قلات، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

قلات (نامہ نگار) قلات نامعلوم افراد کی فائرنگ سے بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے ضلعی رہنما عبدالحلیم مینگل کے چچازاد بھائی زخمی قلات دشت مغلوئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے حاجی رحمت اللہ کے باغ میں شمسی پلیٹ بنانے والا مستری غلام فرید مینگل ولد محمد یوسف مینگل سکنہ زالو زخمی جنہیں کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

## خضدار سورگز میں ایک اور نوجوان کا ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل

جاوید ابا بکی راہزنی کی کوشش کے دوران مزاحمت پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا

خضدار (آن لائن) رات گئے خضدار کے مضافاتی علاقہ سورگز میں ایک اور نوجوان ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل؛ تفصیلات کے مطابق اتوار کی رات تقریباً ایک بجے خضدار کے مضافاتی علاقے سورگز میں جاوید ولد سکندر ابا بکی کو اس وقت قتل کیا گیا جب اس نے راہزنی کی کوشش کے دوران مزاحمت کی جس پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا۔......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

واضح رہے کہ اس علاقے میں بدامنی کی وجہ سے آئے روز اس طرح کی قتل ڈکیتی و راہزنی کی وارداتیں روز کا معمول بن چکی ہیں وارداتوں کے دوران مزاحمت کرنے پر کئی نوجوان ڈاکوؤں کی گولیوں کا نشانہ بن چکے ہیں انتظامیہ کا اس علاقے پر کوئی کنٹرول نہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔


INTEKHAB QUETTA


## پنجگور کے علاقے گرمکان رخشان ندی سے گولیاں لگی نعش ملی

سورگ میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

پنجگور (انتخاب نیوز) پنجگور دو الگ واقعات میں دو افراد جاں بحق ایک زخمی پولیس ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے گرمکان رخشان ندی سے ایک لاش برآمد ہوئی ہے جسکو شناخت کے لیے ٹیچنگ اسپتال پنجگور منتقل کیا گیا جسکی شناخت وحید ولد کریم داد ساکن عیسیٰ کور سے ہوئی ہے بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

جسکے جسم پر گولیوں نشانات ہیں ایک اور واقعہ میں عیسیٰ سورگ میں نامعلوم مسلح گاڑی سواروں کی ایک گاڑی پر فائرنگ سے نظام انور نامی شخص جاں بحق جبکہ شبیر نامی شخص زخمی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## خضدار کے علاقے سے لیویز نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے سے لیویز نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ لیویز کے مطابق اتوار کو خضدار کے علاقے سمان سے لیویز نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھوادی اور مزید کارروائی شروع کر دی۔

## نصیرآباد پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد مغوی ہندو تاجر ستیل داس کو بازیاب کر لیا

ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب، اغواء کاروں کی تلاش

کوئٹہ (این این آئی) نصیرآباد پولیس نے چھتر کے علاقے میں کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے کے بعد مغوی ہندو تاجر ستیل داس کو بازیاب کر لیا۔ ایس ایس پی نصیرآباد نے بتایا کہ پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ نامعلوم اغواء کار ہندو مغوی تاجر ستیل داس کو کسی اور جگہ منتقل بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس پر پولیس نے گزشتہ رات چھتر کے علاقے پولیس تھانہ شہید عبدالوہاب چیچو ہو میں مغوی کی بازیابی کیلئے کارروائی کی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی جس کے بعد نامعلوم ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے مغوی تاجر ستیل داس کو بحفاظت بازیاب کرالیا۔ پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے فرار ہونے والے اغواء کاروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 23

## نواں کلی: مین روڈ پر تجاوزات کی بھرمار، مکینوں کو آمدورفت میں دشواری

### رکشوں اور ریڑھی بانوں نے سڑک کے دونوں اطراف قبضہ کر رکھا ہے، ٹریفک روانی متاثر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواں کلی مین روڈ پر تجاوزات کا کاتمہ کیا جائے، تفصیلات کے مطابق گنجان آبادی والے علاقے نواں کلی کے مین روڈ پر تجاوزات کی بھر مار ہے، ایک جانب رکشوں اور دوسری جانب ریڑھی بانوں نے سڑک کے دونوں اطراف قبضہ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی کا نظام بری طرح متاثر ہوتا ہے جبکہ لوگوں کا پیدل چلنا بھی دشوار ہو کر رہ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک کے کنارے ریڑھیوں کا قبضہ ہے جن کی وجہ سے ٹریفک کا بہاؤ متاثر ہوتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ٹریفک بلاک فضائی آلودگی بڑھانے کا باعث بھی بنتا ہے کہ ایک ہی جگہ پر سینکڑوں کی تعداد میں سٹارٹ گاڑیاں گھنٹوں کھڑی رہیں تو پٹرول کے جلنے سے پیدا ہونے والا دھواں سانس لینا دوبھر بنا دیتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں تجاوزات کوئی قابل ذکر عیب نہیں رہا، جس کا جی چاہتا ہے وہ اپنے مکان یا دکان کے گرد پوری کی پوری سرکاری زمین پر قبضہ جما کر بیٹھ جاتا ہے۔ بہت سی دوسری برائیوں کی طرح یہ سماجی برائی بھی تیزی سے پنپ رہی ہے۔ تجاوزات کے سماجی و قانونی مسائل اور قباحتیں تو ہیں ہی اس کے دینی اور اخلاقی پہلو کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ تجاوزات سے راستہ چلنے والوں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے اور راہگیروں کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرنا ایک مستقل گناہ ہے۔ ہمارے مذہب نے راستے میں رکاوٹ ڈالنے سے منع کیا ہے۔ بڑے شہروں کے منصوبہ ساز ٹریفک بلاک کے مسئلے کا حل سڑکوں کو کشادہ کرنے میں ڈھونڈتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بڑھتی ہوئی ٹریفک کی وجہ سے مستقبل میں راستوں، سڑکوں اور بازاروں کو کشادہ کرنے کی ضرورت پڑے گی لیکن فی الحال اگر ان بازاروں اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک کر دیا جائے تو ٹریفک کے بہت سے مسائل خودبخود حل ہو جائیں گے۔ اس مسئلے کا مستقل حل یہ ہے کہ تجاوزات قائم ہی نہ ہونے دی جائیں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ متعلقہ عملہ ہر ہفتے عشرے کے بعد بازاروں کے چکر لگائے اور کہیں بھی قانون کی خلاف ورزی نہ ہونے دے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUE...

Bullet No. 6

Dated: 12 MAY 2025

Page No. 24

## پاکستان کے باقی صوبوں کو خیبر پختونخوا سے سیکھنے کی ضرورت

خیبر پختونخوا حکومت جاری مالی سال 25-2024 کی تیسری سہ ماہی کے اختتام پر آمدنی کے مقابلے میں اخراجات کو کنٹرول میں رکھتے ہوئے 111 ارب سے زائد کی بچت کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ تین سہ ماہی کے دوران صوبے کی مجموعی آمدنی 1031 ارب روپے رہی جبکہ اس دوران اخراجات 919 ارب 95 کروڑ کے ہوئے۔ دوسری جانب سرکاری ملازمین کی نمائندہ تنظیموں کے وفود نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کے مشیر سے ملاقات میں مطالبہ کیا ہے کہ تمام سرکاری ملازمین کی کم از کم تنخواہ 50 ہزار روپے کی جائے۔

پنجاب، گلگت بلتستان، سندھ اور بلوچستان کو خیبر پختونخواہ کی حکومت سے سیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہ ان ہی نامساعد حالات کے باوجود اپنے اخراجات کو کم سے کم کر کے 111 ارب روپے کی بچت کرنے میں کامیاب ہوگیا ہے، دوسری جانب وہاں سرکاری ملازمین کی کا اپنے وزیراعلیٰ پر اعتماد کا یہ اظہار ہے کہ انہوں نے بغیر کسی ہڑتال کیے تنخواہ بڑھانے کے لیے بلاواسطہ وزیراعلیٰ کے مشیر سے ملاقات کر کے اپنے جائز مطالبات ان کے سامنے رکھے ہیں، جبکہ باقی صوبوں میں یہ حالت ہے کہ وزیراعلیٰ ایک ایسی شخصیت ہے جو عوام یا چھوٹے سرکاری ملازمین کو صرف ٹی وی یا اخبارات میں ہی نظر آتے ہیں، یا کسی جلسے جلوس میں، اس کے علاوہ وزیراعلیٰ کے پاس عوام کے مسائل سننے اور انہیں حل کرنے کے لیے وقت ہی نہیں ہوتا، پنجاب کی وزیراعلیٰ جلسوں اور ویڈیوز میں نظر آتی ہیں اور پی ٹی آئی اور اس کے بانی پر کھل کر تنقید کرتی ہیں جبکہ گزشتہ دو ہفتوں سے انڈیا اور پاکستان میں تناؤ رہا لیکن نہ تو وزیراعلیٰ پنجاب نے انڈیا کا نام تک لیا اور نہ ہی ن لیگ کے سربراہ و قائد میاں نواز شریف نے ایسا کیا۔

سندھ، بلوچستان اور پنجاب کے وزرائے اعلی کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے مل کر ان کی اس کامیابی پر نا صرف مبارکباد دینے کی ضرورت ہے بلکہ ان سے سیکھنے کی بھی ضرورت ہے، دوسرے سے سیکھنے میں کوئی چھوٹا نہیں ہوجاتا لیکن اگر صوبے بچت کی جانب گامزن ہوجائیں تو اس سے وفاق کو بہت مدد و معاونت ملے گی اور اس سے وفاق کو بھی بچت میں لایا جاسکتا ہے، لیکن پاکستان پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی حکومتوں میں آج تک کوئی صوبہ یا وفاق اس حوالے سے اچھی کارکردگی نہیں دکھا پایا ہے، ان دونوں سیاسی جماعتوں کے اقتدار میں کرپشن عروج پر پہنچ جاتی ہے اور صوبائی اور وفاق کا بجٹ خسارہ آسمان کو چھونے لگتا ہے، جس کی وجہ سے ملک پر قرضوں کا بوجھ بڑھتا چلا جاتا ہے، دیوالیہ کا خوف دکھا کر گزشتہ ساڑھے تین، چار سال میں ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ حکومت نے 32 ہزار ارب روپے سے زائد ملکی قرضے میں اضافہ کیا ہے، ان کی حکومت آنے سے قبل پاکستان کے قرضہ اور ان کی حکومت جانے تک گزشتہ 74 برسوں میں لیا گیا قرضہ ایک جانب ہوگا جبکہ ان چار پانچ برسوں میں لیا جانے والا قرضہ دوسری جانب ہوگا، بہت جلد دونوں برابر ہوجائیں گے۔ لہذا ملک وقوم کو مزید تباہی کی جانب دھکیلنے کے بجائے کے پی کے سے سبق سیکھا جائے اور صوبے بچت کرنے کی کوشش کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 25

# Balochistan Rises in Thanksgiving for Pakistan's Unmatched Response

Long live Pakistan! Long live the Pakistan Armed Forces! The people of Balochistan, along with the entire nation, celebrated a historic Day of Thanksgiving, expressing gratitude for Pakistan's unwavering strength, sovereignty, and the unmatched valor of its armed forces. Across the province, from Quetta to the farthest villages, citizens poured onto the streets, waving the national flag and chanting slogans of "Pakistan Zindabad" and "Pak Army Zindabad", rejoicing in the nation's resounding response to aggression. This outpouring of patriotism was not just a celebration of military success but a reaffirmation of national unity. Pakistan, a nation of 250 million resilient souls, once again proved that it is a self-reliant, sovereign state, unwilling to tolerate any threat to its territorial integrity. The enemy, blinded by arrogance, challenged Pakistan's resolve but was met with a swift and decisive reply one that history will remember as a testament to the nation's unyielding spirit. Recent escalations along the LoC saw India initiating reckless aggression, targeting Pakistani civilians with drone strikes and artillery fire. The unprovoked attacks, which followed baseless allegations regarding the Pahalgam incident in Indian-occupied Kashmir, resulted in the tragic loss of 33 Pakistani civilians and injuries to 76 others. Pakistan, exercising remarkable restraint, initially sought diplomatic solutions. However, when the enemy crossed all limits, the nation's armed forces responded with precision, power, and pride. Under Operation Bunyan-um-Marsoos, Pakistan's military demonstrated its superior capability by shooting down five Indian jets, destroying brigade headquarters, and neutralizing multiple enemy checkposts. In a matter of hours, the enemy's aggression was silenced, proving that Pakistan does not seek war but is always prepared to defend itself with full might. The people of Balochistan, like the rest of the nation, stood firmly behind their brave soldiers, recognizing that the sacrifices of the Pakistan Army are the bedrock of the country's security.

The Thanksgiving Day rallies in Balochistan were a powerful reminder of the province's deep rooted patriotism. From Quetta to Turbat, Gwadar

to Khuzdar, citizens gathered in massive numbers, paying tribute to the "falcons" of the Pakistan Army the fearless pilots and soldiers who defended the skies and borders with unmatched courage. The chants of "Pakistan Army Zindabad" echoed through the streets, a clear message that the nation stands united against any threat. Balochistan, often targeted by hostile propaganda, has repeatedly proven its loyalty to Pakistan. The people of this resource-rich province know too well the sacrifices made by the armed forces in maintaining peace and thwarting external and internal threats. The recent celebrations were not just about military victory but also about rejecting malicious narratives that seek to divide the nation. The recent US-brokered ceasefire between Pakistan and India, announced by former President Donald Trump, has been welcomed by the international community. While Pakistan has always advocated for peace, it has also made it clear that any aggression will be met with an immediate and overwhelming response. Prime Minister Shehbaz Sharif and the nation's leadership have rightly hailed the ceasefire, emphasizing that dialogue not destruction is the way forward. Events of the past days have reinforced a crucial lesson: Pakistan's deterrence is ironclad.

The enemy now understands that any misadventure will be met with a crushing blow. The nation's armed forces, backed by 250 million Pakistanis, stand as an unbreakable wall of defense. The Day of Thanksgiving was not merely a celebration but a renewal of faith in Pakistan's strength, in its military's sacrifices, and in the unity of its people. Balochistan's enthusiastic participation in these rallies symbolizes the unbreakable bond between the nation and its defenders. As we move forward, let us remember that Pakistan's sovereignty is non-negotiable. The enemy may test our patience, but it will never break our resolve. To our brave soldiers, we say: The nation stands with you. To the world, we declare: Pakistan is a force for peace, but it will never bow to aggression.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 12 MAY 2025

Page No. 2

# وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مستحسن اقدامات، ایک جائزہ

**تحریر: محمد سلیم رند**

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہو چکا ہے، جہاں امن، تعلیم، صحت، روزگار، خواتین کی خودمختاری، انفراسٹرکچر کی بہتری، شفاف طرز حکمرانی اور عوامی خدمات جیسے تمام اہم شعبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بلوچستان جو ماضی میں پسماندگی، محرومی، بدامنی، اور غیر فعال اداروں کا شکار رہا، اب ترقی، روشن مستقبل اور اجتماعی بہتری کی راہ پر گامزن ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے اپنے دور حکومت کا آغاز امن و امان کی بحالی سے کیا، جو کہ بلوچستان کے تمام مسائل کی جڑ تصور کیا جاتا تھا۔ شدت پسند عناصر کے خلاف ٹھوس اقدامات کیے گئے ان کوششوں کے نتیجے میں صوبے میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی۔ تعلیم کے شعبے میں میر سرفراز بگٹی نے واضح وژن کے تحت پالیسی وضع کی، جس میں نہ صرف بند تعلیمی اداروں کو بحال کیا گیا بلکہ نئے اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے قیام کے لیے بھی فنڈز مختص کیے گئے۔ اساتذہ کی بھرتی کو شفاف بنایا گیا، ان کی تربیت پر بھی توجہ دی گئی، اور بچوں کے لیے وظائف، کتابیں، یونیفارم اور ٹرانسپورٹ جیسی سہولیات کو ممکن بنایا گیا تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ خاص طور پر دیہی علاقوں میں بچیوں کی تعلیم کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے، جس سے والدین کا اعتماد بحال ہوا اور طالبات کی تعداد میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملا۔ صحت کے شعبے میں بھی ان کی خدمات قابل ذکر ہیں۔ صوبے کے ہر ضلع میں اسپتالوں کو اپ گریڈ کیا گیا، بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹرز کی حاضری یقینی بنانے کے لیے ڈیجیٹل مانیٹرنگ نظام متعارف کروایا گیا، موبائل ہیلتھ یونٹس کو دور دراز علاقوں میں روانہ کیا گیا، اور ماں و بچے کی صحت کے حوالے سے مختلف منصوبے شروع کیے گئے جن سے ہزاروں خاندان مستفید ہو رہے ہیں۔ نوجوانوں کے لیے روزگار، تعلیم اور مہارت کے مواقع پیدا کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ مختلف اضلاع میں ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس، آئی ٹی سینٹرز، اسپورٹس گراؤنڈز اور کیریئر گائیڈنس پروگرامز کا آغاز کیا گیا، تاکہ نوجوان محنت اور ہنر کے ذریعے اپنا مستقبل سنوار سکیں۔ میر سرفراز بگٹی کی حکومت نے خواتین کو معاشی، تعلیمی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کے لیے کئی منصوبے متعارف کروائے۔ خواتین کے لیے خصوصی ہنر سیکھنے کے مراکز قائم کیے گئے، مقامی حکومتوں میں خواتین کی نمائندگی بڑھانے کے لیے قانون سازی کی گئی اور ان کی فیصلہ سازی میں شرکت کو فروغ دیا گیا۔ بلوچستان میں روزگار کی فراہمی اور معاشی ترقی کے لیے بڑے پیمانے پر اقدامات کیے گئے زراعت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، لائیو اسٹاک کے فروغ، اور معدنی وسائل کی تلاش و ترقی کے لیے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مدعو کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں نجی سرمایہ کاری کا رجحان بڑھا، جس سے ہزاروں روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ انفراسٹرکچر کی ترقی بھی حکومت کا اہم ہدف رہا۔ بلوچستان بھر میں نئی سڑکوں، پلوں، بجلی اور پانی کی فراہمی کے منصوبے مکمل یا جاری ہیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کو مرکزی شہروں سے جوڑنے کے لیے کئی بڑے شاہراہی منصوبے مکمل کیے گئے، جس سے نہ صرف عوام کا سفر آسان ہوا بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملا۔ گوادر کی ترقی پر خصوصی توجہ دی گئی، جہاں گوادر یونیورسٹی، جدید ہاؤسنگ اسکیمز، بندرگاہی سہولیات، صاف پانی کی اسکیمیں، اور ایئرپورٹ سمیت دیگر منصوبے زیر تکمیل ہیں میر سرفراز بگٹی کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک شفاف طرز حکمرانی ہے۔ ان کی حکومت نے کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی، سرکاری اداروں کی کارکردگی جانچنے کے لیے آزاد کمیشنز قائم کیے، افسران کو اہداف دیے گئے، اور فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا گیا۔ انہوں نے عوامی شکایات سننے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا، جس میں وہ خود موجود ہوتے اور لوگوں کے مسائل براہ راست سنتے، جس سے عوام میں اعتماد پیدا ہوا اور بیوروکریسی کی کارکردگی بہتر ہوئی۔ میر سرفراز بگٹی کی ان تمام کوششوں کا مجموعی اثر یہ ہے کہ بلوچستان جو ماضی میں صرف شکایات اور محرومیوں کی سرزمین سمجھا جاتا تھا، آج ایک متحرک، پرامن، باوقار اور ترقی پذیر صوبے کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ ان کے اقدامات صرف وقتی نوعیت کے نہیں بلکہ دور رس نتائج کے حامل ہیں، جن سے بلوچستان کے مستقبل میں حقیقی تبدیلی کے آثار نمایاں ہیں۔ اگر یہی طرز حکمرانی برقرار رہا تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان پاکستان کے دیگر ترقی یافتہ صوبوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہوگا، اور اس کے عوام بھی فخر سے اپنے روشن مستقبل کا خواب حقیقت میں بدلتے دیکھیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 12 MAY 2025 Page No. 28

# وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مستحسن اقدامات

تحریر:- محمد سلیم رند

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ایک نئے ترقیاتی دور میں داخل ہو چکا ہے، جہاں امن، تعلیم، صحت، روزگار، خواتین کی خودمختاری، انفراسٹرکچر کی بہتری، شفاف طرز حکمرانی اور عوامی خدمات جیسے تمام اہم شعبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بلوچستان جو ماضی میں پسماندگی، محرومی، بدامنی، اور غیر فعال اداروں کا شکار رہا، اب ترقی، روشن مستقبل اور اجتماعی بہتری کی راہ پر گامزن ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے اپنے دور حکومت کا آغاز امن و امان کی بحالی سے کیا، جو کہ بلوچستان کے تمام مسائل کی جڑ تصور کیا جاتا تھا۔ شدت پسند عناصر کے خلاف ٹھوس اقدامات کیے گئے، انٹیلی جنس نیٹ ورک کو فعال کیا گیا، پولیس اور لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا، اور امن و سلامتی کے قیام کے لیے ہر ممکن وسائل مہیا کیے گئے۔ ان کوششوں کے نتیجے میں صوبے میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی، لوگ اپنے گھروں سے نکل کر روزگار، تعلیم، اور کاروبار کی جانب لوٹنے لگے، اور معاشرتی فضا میں اعتماد بحال ہوا۔ تعلیم کے شعبے میں میر سرفراز بگٹی نے واضح وژن کے تحت پالیسی وضع کی، جس میں نہ صرف بند تعلیمی اداروں کو بحال کیا گیا بلکہ نئے اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے قیام کے لیے بھی فنڈز مختص کیے گئے۔ اساتذہ کی بھرتی کو شفاف بنایا گیا، ان کی تربیت پر بھی توجہ دی گئی، اور بچوں کے لیے وظائف، کتابیں، یونیفارم اور ٹرانسپورٹ جیسی سہولیات کو ممکن بنایا گیا تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ خاص طور پر دیہی علاقوں میں بچیوں کی تعلیم کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے، جس سے والدین کا اعتماد بحال ہوا اور طالبات کی تعداد میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملا۔ صحت کے شعبے میں بھی ان کی خدمات قابلِ ذکر ہیں۔ صوبے کے ہر ضلع میں اسپتالوں کو اپ گریڈ کیا گیا، بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹرز کی حاضری یقینی بنانے کے لیے ڈیجیٹل مانیٹرنگ نظام متعارف کروایا گیا، موبائل ہیلتھ یونٹس کو دوردراز علاقوں میں روانہ کیا گیا، اور ماں و بچے کی صحت کے حوالے سے مختلف منصوبے شروع کیے گئے جن سے ہزاروں خاندان مستفید ہو رہے ہیں۔ نوجوانوں کے لیے روزگار، تعلیم اور مہارت کے مواقع پیدا کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ مختلف اضلاع میں ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس، آئی ٹی سینٹرز، اسپورٹس گراؤنڈز اور کیریئر گائیڈنس پروگرامز کا آغاز کیا گیا، تاکہ نوجوان محنت اور ہنر کے ذریعے اپنا مستقبل سنوار سکیں۔ میر سرفراز بگٹی کی حکومت نے خواتین کو معاشی، تعلیمی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کے لیے کئی منصوبے متعارف کروائے۔ خواتین کے لیے خصوصی ہنر سیکھنے کے مراکز قائم کیے گئے، جہاں انہیں سلائی کڑھائی، کمپیوٹر، بیوٹیشن اور دیگر کورسز کی تربیت دی جا رہی ہے، تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں اور خاندان کا بوجھ بانٹ سکیں۔ مقامی حکومتوں میں خواتین کی نمائندگی بڑھانے کے لیے قانون سازی کی گئی اور ان کی فیصلہ سازی میں شرکت کو فروغ دیا گیا۔ بلوچستان میں روزگار کی فراہمی اور معاشی ترقی کے لیے بڑے پیمانے پر اقدامات کیے گئے۔ گوادر بندرگاہ کی تعمیر و ترقی، اسپیشل اکنامک زونز کا قیام، زراعت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، لائیو اسٹاک کے فروغ، اور معدنی وسائل کی تلاش و ترقی کے لیے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مدعو کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں نجی سرمایہ کاری کا رجحان بڑھا، جس سے ہزاروں روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ انفراسٹرکچر کی ترقی بھی حکومت کا اہم ہدف رہا۔ بلوچستان بھر میں نئی سڑکوں، پلوں، بجلی اور پانی کی فراہمی کے منصوبے مکمل یا جاری ہیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کو مرکزی شہروں سے جوڑنے کے لیے کئی بڑے شاہراہی منصوبے مکمل کیے گئے، جس سے نہ صرف عوام کا سفر آسان ہوا بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملا۔ گوادر کی ترقی پر خصوصی توجہ دی گئی، جہاں گوادر یونیورسٹی، جدید ہاؤسنگ اسکیمز، بندرگاہی سہولیات، صاف پانی کی اسکیمیں، اور ایئرپورٹ سمیت دیگر منصوبے زیرِ تکمیل ہیں۔ ان اقدامات سے نہ صرف مقامی سطح پر ترقی ہو رہی ہے بلکہ گوادر پاکستان کے لیے عالمی تجارتی مرکز بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ میر سرفراز بگٹی کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک شفاف طرز حکمرانی ہے۔ ان کی حکومت نے کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی، سرکاری اداروں کی کارکردگی جانچنے کے لیے آزاد کمیشنز قائم کیے، افسران کو اہداف دیے گئے، اور فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا گیا۔ انہوں نے عوامی شکایات سننے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا، جس میں وہ خود موجود ہوتے اور لوگوں کے مسائل براہ راست سنتے، جس سے عوام میں اعتماد پیدا ہوا اور بیوروکریسی کی کارکردگی بہتر ہوئی۔ میر سرفراز بگٹی کی ان تمام کوششوں کا مجموعی اثر یہ ہے کہ بلوچستان جو ماضی میں صرف شکایات اور محرومیوں کی سرزمین سمجھا جاتا تھا، آج ایک متحرک، پرامن، باوقار اور ترقی پذیر صوبے کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ ان کے اقدامات صرف وقتی نوعیت کے نہیں بلکہ دوررس نتائج کے حامل ہیں، جن سے بلوچستان کے مستقبل میں حقیقی تبدیلی کے آثار نمایاں ہیں۔ اگر یہی طرزِ حکمرانی برقرار رہا، تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان پاکستان کے دیگر ترقی یافتہ صوبوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہوگا، اور اس کے عوام بھی فخر سے اپنے روشن مستقبل کا خواب حقیقت میں بدلتے دیکھیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 12 MAY 2025 Page No. 31


## "ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) عوام دوستی کی درخشاں مثال"




افکارِزاہدی
نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.zahidi@gmail.com


ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) سرحدوں کی نگہبانی سے لیکر عوام کی خدمت تک جو قابل ستائش کردار ادا کر رہی ہے، اس کو لفظوں میں بیان کرنا، یا تحریر کرنا ممکن نہیں۔ جنوبی بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں، اس نے نہ صرف اپنی ذمہ داری کے علاقے میں سرحدی حفاظت اور امن وامان کی بحالی کی اپنی بنیادی ذمہ داریوں کو انتہائی بہترین اور موثر انداز میں پورا کیا، بلکہ اس نے مقامی لوگوں کی فلاح وبہبود اور علاقے کی ترقی کے لیے بھی انتھک کام کیا ہے۔ جنوبی بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں تعلیم کی ترسیل، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات اور مختلف اوقات میں آنے والے قدرتی آفات میں گراں قدر خدمات سرفہرست شامل ہیں۔ گذشتہ ماہ اپریل 2025 میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے جنوبی بلوچستان میں عوامی فلاح وبہبود کی 1391 مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں 35 کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد ہے، جن میں مقامی افراد کے مسائل کو سنا گیا۔ مختلف اسکولوں میں 55 نصابی وغیر نصابی تقریبات کا انعقاد، شہداء کے قبروں پر فاتحہ خوانی، 257 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد، 26 کھیلوں کے مقابلے اور 749 فلاحی سرگرمیاں شامل ہیں۔ جن میں چند ایک کا ذکر۔ جنوبی بلوچستان کے دوردراز علاقوں میں، جہاں طبی سہولیات کا فقدان ہے، میں 257 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا، جن میں دشت، مند، آواران، بجگور (جیرک۔ چیدگی) خاران اور ماشکیل کے علاقے شامل ہیں۔ ان میڈیکل کیمپوں میں ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی زیر نگرانی مجموعی طور پر 10155 مریضوں کو مفت علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ مریضوں کو طبی معائنے اور لیبارٹری ٹیسٹوں کی سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی مہیا کی گئیں۔ خواتین کے خصوصی چیک اپ کے لیے پاکستان آرمی کی ماہر گائناکالوجسٹ کی خصوصی خدمات بھی فراہم کی گئیں۔ اسی طرح کھیلوں کے حوالے سے مختلف علاقوں، جس میں دشت، مند، تمپ، سامی، مشکیچہ، تفتان اور ماشکیل شامل ہیں، میں 26 سپورٹس ٹورنامنٹس کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ جن کا مقصد کھیلوں کا فروغ اور نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا تھا، کیونکہ کھیلوں کی اہمیت صرف تفریح تک محدود نہیں، بلکہ یہ نوجوانوں کو باہمی تعاون، ٹیم ورک اور قیادت کی اہمیت سکھانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ شعبہ تعلیم کے حوالے سے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے مختلف تعلیمی اداروں جن میں مدرسہ انوار القرآن، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول شولی، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول سامی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول پیدارک، گورنمنٹ مڈل اسکول تنک، گورنمنٹ بوائز پرائمری واشک، کیڈٹ کالج خاران، گورنمنٹ پرائمری اسکول دربیجہ، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول الہ آباد اور برائٹ فیوچر اسکول ماشکیل شامل ہیں، میں 55 نصابی وغیر نصابی تقریبات کا انعقاد کیا، جن میں تقاریر، شاعری اور کھیلوں کے مقابلے شامل ہیں، جن کا مقصد طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور غیر نصابی سرگرمیوں کو اجاگر کرنا تھا۔ علاوہ ازیں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے یونیورسٹی آف تربت، بجگور کا دورہ کیا اور وہاں پر تعلیمی ماحول اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ دوسری جانب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شیتانی اور گرلز ہائی اسکول دانگ کی طالبات نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹر تربت کا مطالعاتی دورہ کیا۔ فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے ایف سی ساؤتھ نے مختلف علاقوں میں 749 سرگرمیوں کا وسیع پیمانے پر انعقاد کیا، جو کہ بلیدہ، تربت، ہوشاب، بجگور، خاران، دالبندین، تفتان، اور ماشکیل سمیت متعدد پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں سرانجام دی گئیں۔ جن میں مستحق خاندانوں میں مفت راشن کی تقسیم، پینے کے لیے صاف پانی کی فراہمی، طبی سہولیات، تعلیمی معاونت، کھیلوں کے میدانوں کی تعمیر، خدمت مرکز کی تزئین وآرائش، آر او پلانٹ کی تنصیب، چیدگی بارڈر پر انتظار گاہ، روزگار اور دیگر اہم سماجی خدمات شامل تھیں۔ جو فلاح وبہبود کے اس ویژن کا حصہ ہیں، جس کا مقصد معاشرے کے پسماندہ طبقے کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنا، معاشرتی ناہمواریوں کا خاتمہ کرنا اور سماجی انصاف کو فروغ دینا ہے، کیونکہ سوشل ورک یا انسانی خدمت اور معاشرے کے غریب اور نادار لوگوں کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے اور اسلام نے اس کی تعلیم دی ہے۔ یہ جناب رسول ﷺ کی سنت مبارک ہے اور آپ ﷺ نے دکھی انسانیت کی خدمت اور نادار لوگوں کے ہاتھ بٹانے کا بڑا اجر وثواب بیان فرمایا ہے۔ نزول وحی کے بعد آپؐ جب گھر تشریف لائے اور چادر اوڑھ کر لیٹ گئے۔ ام المومنین سیدہ خدیجہؓ نے آپ سے وجہ دریافت فرمائی تو آپؐ نے سارا واقعہ بیان کیا اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ "خشیت علیٰ نفسی" مجھے اپنے بارے میں ڈر لگ رہا ہے تو اس پر امہات المومنین سیدہ خدیجہؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو غمزدہ نہیں کریگا۔ اور انہوں نے اپنے دعویٰ پر جو دلیل دی وہ یہ تھی کہ "آپ صلہ رحمی کرتے ہیں، ضرورت مندوں کے کام آتے ہیں، مہمان کی خدمت کرتے ہیں، لوگوں کی مشکلات میں ان کا ہاتھ بٹاتے ہیں اور بے سہارا لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔" گویا ام المومنین نے رسول ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے اس خیال کا اظہار کیا کہ جو لوگ انسانی سوسائٹی میں دوسروں کے کام آتے ہوں اللہ تعالیٰ انہیں غمزدہ اور پریشان نہیں کیا کرتا۔" دکھی انسانیت کے کام آنا آپ ﷺ کی پہلی سنت مبارکہ ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) آپ ﷺ کی سنت مبارکہ پر پورے طریقے سے عمل پیرا ہے۔ جذبہ خدمت خلق کے تحت ضرورت مندوں، بزرگوں، بچوں اور معذور افراد کو زندگی کی بنیادی سہولیات فراہم کر کے انہیں خودکفیل بننے میں ان کی مدد کی جارہی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی تاریخ جرأت، بہادری، محبت، ایثار اور قربانیوں سے بھری پڑی ہے، جن پر ہزاروں صفحات پر مشتمل درجنوں کتب تحریر کی جاسکتی ہیں۔ ان تمام سرگرمیوں کے انعقاد پر مقامی افراد، طلبہ اور مریضوں نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان اقدامات کو علاقے میں خوشحالی، امن اور ترقی کے جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ بلاشبہ ملک کی سلامتی ہو یا دہشت گردی کے سائے ہوں، ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھ کر بلوچ عوام کی مدد کی ہے۔ آج مٹھی بھر ملک دشمن عناصر جنوبی بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کی کوششوں میں مصروف مگر وہ نہیں جانتے کہ جب تک ایف سی (ساؤتھ) موجود ہے ان کے یہ حربے کبھی کامیاب نہیں ہونگے۔ آخر میں ایف سی (ساؤتھ) کے جوانوں کے جذبات کی ترجمانی کے ساتھ اجازت۔

CamScanner